Z-41

MPhil

This question paper consists of 6 pages including cover page

# ENTRANCE EXAMINATION 2015

## M.Phil URDU

Time : 2 Hours Maximum Marks : 75

**INSTRUCTIONS :**

1. Write your Hall Ticket No. in the appropriate space provided in the OMR Sheet and Answer Book.
2. Candidates are prohibited from writing their names or any distinctive mark, religious or any type leading to disclosure of their identity in any part of the OMR Sheet and Answer Book.
3. There will be negative marking of 0.33 mark for every wrong answer in Part A.
4. The Answers for Part A should be marked in the OMR Sheet only as instructed. Nothing should be written on the question paper.
5. The Answers for Part B should be written in the Answer Book provided.
6. Handover both the OMR sheet and Answer Book of Part B to the invigilator at the end of the examination.

**ہدایات:**

۱۔ OMR Sheet اور جوابی بیاض میں دیے گئے خانوں میں اپنا ہال ٹکٹ نمبر درج کریں۔

۲۔ کہیں اپنا نام یا کوئی امتیازی نشان، مذہبی یا کسی نوعیت کا شناختی نشان درج کرنا منع ہے۔

۳۔ حصہ الف اور حصہ ب کے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان اس کے محاذی درج ہیں۔

۴۔ حصہ الف میں 50 معروضی (Objective) سوالات ہیں۔ ہر سوال کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ہر غلط جواب کی صورت میں 0.33 نمبر منہا کیا جائے گا۔

۵۔ حصہ الف کے جوابات، دیے گئے OMR Sheet میں ہی درج کریں۔ سوالات کے پرچے یا جوابی بیاض میں نہ لکھیں۔

۶۔ حصہ ب کے جوابات جوابی بیاض میں لکھیں۔

۷۔ OMR Sheet اور حصہ ب کا جوابی بیاض دونوں ختم امتحان پر نگران کار کے حوالے کر دیں۔

2 - 41



# Part - A حصہ 'الف'

ا۔ درج ذیل تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ صحیح جواب OMR Sheet میں ہدایات کے مطابق درج کریں۔

50 x 1 = 50

(1) کن عالموں کے تذکروں سے ثابت ہوتا ہے کہ چھٹویں صدی سے اپ بھرنش تحریر میں استعمال ہونے لگی تھی؟

(A) بھاما اور ڈنڈی (B) شیاما اور پرسورام (C) سورداس (D) ان میں سے کوئی نہیں

(2) Day Which نے لسانیات کے لیے کون سا لفظ مناسب سمجھا تھا؟

(A) Philology (B) Glottology

(C) Glossology (D) ان میں سے کوئی نہیں

(3) صوت تانت کسے کہتے ہیں؟

(A) حنجرہ کے اندر کے دو بندھن (B) سانس کی نالی کا اندرونی حصہ

(C) نرم تالو کا آخری کنارا (D) ان میں سے کوئی نہیں

(4) کس علاقے کو مسعود حسین خاں نے اردو کا گہوارہ بتایا ہے؟

(A) پنجاب (B) دکن (C) نواح دہلی (D) سندھ

(5) ان میں سے کون ماہر لسانیات نہیں ہے؟

(A) مسعود حسین خاں (B) مرزا خلیل بیگ (C) محی الدین قادری زور (D) آل احمد سرور

(6) صنعت عاطلہ کسے کہتے ہیں؟

(A) شعر میں ایسے الفاظ لانا جس کے تمام نقطے نیچے ہوں

(B) شعر میں ایسے الفاظ لانا جس کے تمام نقطے اوپر ہوں

(C) شعر میں ایسے الفاظ لانا جس کے نقطے نہ ہوں

(D) شعر میں ایسے الفاظ لانا جس میں نقطے اوپر نیچے ہوں

(7) یہ شعر کس کا ہے؟

صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے
عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے

(A) میر تقی میر (B) غالب (C) داغ (D) امیر مینائی

I - 41



(8) اردو کے کس ناقد نے غزل کو 'نیم وحشی صنف سخن' کہا ہے؟

(A) آل احمد سرور (B) احتشام حسین (C) کلیم الدین احمد (D) عبادت بریلوی

(9) 'دیوان' کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) ناصر کاظمی (B) احمد فراز (C) شکیل بدایونی (D) شاذ تمکنت

(10) اردو کے کس شاعر کو 'حیوان ظریف' کہا جاتا ہے؟

(A) حالی (B) غالب (C) مومن (D) حسرت

(11) غزل کی ہیئت کو دوسری کس صنف میں استعمال کیا جاتا ہے؟

(A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) مثنوی (D) سانیٹ

(12) قاضی عبدالودود نے اردو میں واسوخت کا موجد کسے مانا ہے؟

(A) شاہ مبارک آبرو (B) نصرتی (C) انعام اللہ خان یقین (D) مرزا غالب

(13) 'زہر عشق' اور 'فریب عشق' مرزا شوق کی مثنویاں ہیں۔ 'بہار عشق' کس کی مثنوی ہے؟

(A) نواب واجد علی شاہ اختر (B) مرزا شوق لکھنوی (C) مرزا ہادی رسوا (D) میر خلیق

(14) میر نے اپنے دیوان کو کس کا مجموعہ کہا ہے؟

(A) محبت (B) درد و غم (C) عشق حقیقی (D) سوز نہاں

(15) ڈاکٹر جمیل جالبی کی 'تاریخ ادب اردو' کے مطابق شمالی ہندوستان کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟

(A) شاہ مبارک آرزو (B) شاہ حاتم (C) شاکر ناجی (D) ان میں سے کوئی نہیں

(16) 'سرخ سویرا' کا شاعر کون ہے؟

(A) فیض احمد فیض (B) سجاد ظہیر (C) مخدوم محی الدین (D) علی سردار جعفری

(17) یہ مصرع کس کا ہے؟ خاک وطن کا مجھ کو ہر ذرہ دیوتا ہے

(A) فراق گورکھپوری (B) علامہ اقبال (C) مولانا حالی (D) نظیر اکبر آبادی

(18) اردو میں آرکی ٹائپ نظریہ کا موید کون ہے؟

(A) وزیر آغا (B) ریاض احمد (C) شبیہ الحسن (D) سید محمد عسکری

(19) کس دکنی شاعر نے اپنے قصیدے میں 'تھنڈ کالا' کو تشبیب کے طور پر لکھا ہے؟

(A) ابراہیم عادل شاہ ثانی (B) علی عادل شاہ ثانی (C) ہاشمی بیجاپوری (D) ملا نصرتی

R - 41



(20) پریم چند کا آخری ناول کون سا ہے؟

(A) میدان عمل (B) چوگان ہستی (C) گئودان (D) گوشۂ عافیت

(21) آپ بیتی کے طرز پر لکھا ہوا ناول کون سا ہے؟

(A) آگ کا دریا (B) فردوس بریں (C) ٹیڑھی لکیر (D) لندن کی ایک رات

(22) 'ترتیب متن تحقیق سے آگے کی چیز ہے' یہ قول کس کا ہے؟

(A) مالک رام (B) گیان چند جین (C) قاضی عبدالودود (D) رشید حسن خاں

(23) خطوط کے طرز پر لکھا ہوا ناول کون سا ہے؟

File D: HCU hcu light jpg not found

(A) مجنوں کی ڈائری (B) امراؤ جان ادا (C) اداس نسلیں (D) کار جہاں دراز ہے

(24) تکنیک کی بنیاد پر کون سا ناول ممتاز ہے؟

(A) ٹیڑھی لکیر (B) امراؤ جان ادا (C) فسانۂ آزاد (D) لندن کی ایک رات

(25) ان میں حیات اللہ انصاری کا ناول کون سا ہے؟

(A) اداس نسلیں (B) لہو کے پھول (C) علی پور کا ایلی (D) تلاش بہاراں

(26) انشائیہ 'ارہر کا کھیت' کس کا لکھا ہوا ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) پطرس بخاری (C) کنہیا لال کپور (D) خواجہ حسن نظامی

(27) انیسویں صدی کی اہم ادبی تحریک کون سی تھی؟

(A) رومانی تحریک (B) علی گڑھ تحریک (C) ترقی پسند تحریک (D) حلقہ ارباب ذوق

(28) اردو میں مارکسی تنقید کی ابتدا کس تحریک کے زیر اثر ہوئی؟

(A) ترقی پسند تحریک (B) رومانی تحریک (C) علی گڑھ تحریک (D) اصلاح زبان کی تحریک

(29) انجمن پنجاب نے اردو میں کس صنف سخن کو انگریزی کے طرز پر رائج کیا؟

(A) نظم (B) نثری نظم (C) آزاد غزل (D) سانیٹ

(30) ترقی پسند تحریک کے پہلے اجلاس کی صدارت کس نے کی؟

(A) سجاد ظہیر (B) پریم چند (C) اختر حسین رائے پوری (D) حسرت موہانی

(31) سائنٹفک سوسائٹی کس نے قائم کی تھی؟

(A) جان گل کرسٹ (B) ڈاکٹر ذاکر حسین (C) کرنل ہالرائڈ (D) سرسید احمد خاں

P - 41



(32) 'عودِ ہندی' کا موضوع کیا ہے؟

(A) تاریخ (B) شاعری (C) مکتوب نگاری (D) صحافت

(33) اردو کا پہلا سوانح نگار کون ہے؟

(A) حالی (B) شبلی (C) سرسید (D) محمد حسین آزاد

(34) چکبست کے مجموعہ کلام کی نشاندہی کیجیے۔

(A) صبح وطن (B) سریلے بول (C) ندی کا راگ (D) ان میں سے کوئی نہیں

(35) 'ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی، کچھ میری کچھ ان کی زبانی' کس کی تصنیف ہے؟

(A) شبلی نعمانی (B) رشید احمد صدیقی (C) فرحت اللہ بیگ (D) مہدی افادی

(36) 'مقدمہ شعر و شاعری' کس کی تصنیف ہے؟

(A) حالی (B) شبلی (C) مہدی افادی (D) آل احمد سرور

(37) کس تصور تنقید میں اقتصادیات کو اہمیت حاصل ہے؟

(A) مارکسی (B) جمالیاتی (C) نفسیاتی (D) سائنٹفک

(38) لیمونچوڑ تنقید کی ابتدا کس ملک سے ہوئی؟

(A) لندن (B) فرانس (C) امریکا (D) جرمنی

(39) 'اردو تنقید پر ایک نظر' کس کی تصنیف ہے؟

(A) احتشام حسین (B) آل احمد سرور (C) کلیم الدین احمد (D) عبادت بریلوی

(40) اردو کے کس نقاد کو 'سرسوتی سمان' سے نوازا گیا ہے؟

(A) آل احمد سرور (B) احتشام حسین (C) گوپی چند نارنگ (D) شمس الرحمٰن فاروقی

(41) اردو میں علامہ اقبال کے کتنے شعری مجموعے ہیں؟

(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) دو

(42) سرسید کس سنہ میں پیدا ہوئے؟

(A) 1817ء (B) 1818ء (C) 1820ء (D) 1822ء

(43) ان میں مخدوم محی الدین کی نظم کون سی ہے؟

(A) دو عشق (B) آج کی رات (C) چارہ گر (D) اندیشہ

P-41



(44) سردار جعفری نے فیض کی کس نظم پر شدید تنقید کی تھی؟

(A) تنہائی (B) بول (C) کتّے (D) صبح آزادی

(45) اختر الایمان کی ان نظموں میں سب سے مشہور نظم کون سی ہے؟

(A) عمر گریزاں (B) تبدیلی (C) ایک لڑکا (D) عہد طفلی

(46) 'باغ و بہار' کس سنہ میں لکھی گئی؟

(A) 1802ء (B) 1800ء (C) 1809ء (D) 1804ء

(47) ثریا کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(A) آگرہ بازار (B) انارکلی (C) کھیتی (D) ضحاک

(48) ان میں سے کس کا تعلق ڈراما نگاری سے ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی (B) مہدی افادی (C) ابوالکلام آزاد (D) منٹو

(49) CPU کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) کمپیوٹر کا دل (B) کمپیوٹر کا جسم (C) کمپیوٹر کا دماغ (D) ان میں سے کوئی نہیں

(50) DTP کس کا مخفف ہے؟

(A) Desktop Publishing (B) Data Processing

(C) Data Transfer Programme (D) ان میں سے کوئی نہیں

## Part - B حصہ 'ب'

II۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی دو (2) کے جواب مختصراً لکھیے۔ 5 x 2 = 10

1۔ صوتیات کی مختصر تعریف کیجیے۔

2۔ ناقد کے فرائض بیان کیجیے۔

3۔ نظم معرا اور آزاد نظم کے فرق کی وضاحت کیجیے۔

4۔ ہارڈ ویر اور سافٹ ویر کے درمیانی فرق کو واضح کیجیے۔

III۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب تفصیل سے لکھیے۔ 15 x 1 = 15

1۔ اردو کی کسی ایک ادبی تحریک کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

2۔ اردو کے کسی افسانہ نگار کے فن کا تجزیہ پیش کیجیے۔